CCRC

Criminal • Cases • Review • Commission

Independently Investigating Miscarriages of Justice

سی سی آرسی

کریمینیل - کیسز- ریویو- کمیشن

انصاف کی فراہمی میں غلطی کی آزادانہ تفتیش کرتےہوئے

سی سی آرسی کےبارےمیں سوالات اورجوابات

سی سی آرسی کیا ہے؟
کریمینیل کیس ریویو کونسل کمیشن (سی سی آرسی) وہ ادارہ ہےجوایسےمقدمات پرغورکرنےکےلئےقائم کیا گیا ہےجن میں لوگ، جواپنی اپیل میں پہلے ہی ناکام ہوچُکےہیں، ابھی تک یقین رکھتےہیں کہ اُن پرکسی جُرم کی غلط فرد جُرم عائد کی گئی ہےیا اُن پرغلط الزام عائد کیا گیا ہے۔

اگرسی سی آرسی کسی فرد جُرم یا سزا کےحوالےسےکچھ غلط دیکھتا ہے توہم مقدمے کو اپیل کورٹ کےپاس واپس بھیج سکتےہیں۔

سی سی آرسی **مکمل طورپرآزاد** ہے۔ ہم عدالتوں، پولیس یا استغاثہ کےلئےکام نہیں کرتے۔ ہم ایسےلوگوں کےلئےکام نہیں کرتےجواپنےمقدمے پرنظرثانی کےلئےدرخواست دیتےہیں۔ ہم تمام اطراف سےآزاد رہتےہیں تاکہ غیرجانبدارہوکرانصاف کی فراہمی میں مُشتبہ غلطیوں کی تفتیش کرسکیں۔

ہم کسی مقدمے کو اپیل کورٹ کوواپس بھیج سکتےہیں اگراُس میں کوئی اہم نئی شہادت پیش کی جاتی ہےیا کوئی اہم نیا معاملہ موجود ہو جوفرد جُرم یا سزا کےتحفظ کومتاثرکرسکتا ہو۔

سی سی آرسی کیا کرتا ہے؟
ہم کسی مجسٹریٹس کورٹ، کراؤن کورٹ، یوتھ کورٹ، دی کورٹ مارشل یا سروسزسویلین کورٹ کی طرف سےکسی فوجداری فرد جُرم یا سزا کی تفتیش **کرسکتےہیں**۔

صرف کوئی اپیل کورٹ ہی کسی فردجُرم کوختم کرسکتی ہےیا سزا میں کمی کرسکتی ہے۔ سی سی آرسی کا کام مقدمات کودیکھنا اوراُنہیں اپیل کورٹس کوواپس بھیجنا ہےجہاں ہم سمجھتےہیں کہ ایسا کرنے کی معقول وجہ موجود ہے۔ اگرہم کسی مقدمے کو اپیل کےلئےبھیجتےہیں، تو عدالت کو لازمی طورپراپیل کی سماعت کرنا ہوگی۔ **جب ہم کسی مقدمےکواپیل کےلئےبھیجتےہیں، توعدالت سزا میں اضافہ نہیں کرسکتی، یہاں تک کہ اگروہ اپیل کومُسترد بھی کردے۔**

ہمارے پاس خصوصی قانونی اختیارات ہیں تاکہ مقدمات کی تفتیش میں ہمیں مدد مل سکے۔ ہم انگلینڈ، ویلز اورشمالی آئرلینڈ کےپبلک اورپرائیویٹ اداروں سے ایسی دستاویزات حاصل کرنےکےلئےان اختیارات کو استعمال کرسکتےہیں جن کےبارےمیں ہم سمجھتےہیں کہ وہ ضروری ہیں۔ اس میں ایسی معلومات شامل ہیں جوپولیس، استغاثہ اورعدالتوں کےپاس موجود ہیں۔ ہم شہادت کا تجزیہ کرسکتےہیں، نئےکیس قانون پرغورکرسکتےہیں، سائنسی ماہرین کوہدایات دےسکتےہیں اورنئےاورپُرانےگواہان کا پتہ لگا سکتےہیں اوراُن کےانٹرویو کرسکتےہیں۔

ہم **آزاد** ہیں۔ یہ سی سی آرسی ہےجویہ فیصلہ کرتا ہےکہ کون سی دستاویزات حاصل کی جانی چاہیئں اورکیا چھان بین سرانجام دی جانی چاہیے۔

ہم **پُرانے** مقدمات پرغورکرسکتےہیں۔ سی سی آرسی کودرخواست بھیجنےکےلئےوقت کی کوئی حد نہیں ہے، تاہم بہت پُرانےمقدمات کےحوالےسےیہ زیادہ مشکل ہوسکتا ہے، کیونکہ ہوسکتا ہےکاغذات اورثبوت تلف کردئیےگئےہوں۔

ہم آپ کےمقدمے پرغورکرسکتےہیں، یہاں تک کہ اگرآپ کی قانونی طورپرنمائندگی نہ بھی کی گئی ہو۔ **آپ کوہمارے پاس درخواست بھیجنےکےلئےکسی قانونی نمائندے کی ضرورت نہیں ہے** لیکن کوئی سالیسٹرمدد کرنےکےقابل ہوسکتا ہے۔

ہم پریوینشن آرڈرزپرغور **نہیں کرسکتے**، صرف فرد جُرم یا سزا پرغورکرسکتےہیں جواس سےدی گئی ہو۔

ہم دیوانی معاملات یا ایسے معاملات کی تفتیش **نہیں کرسکتے**جن کا تعلق امیگریشن سےہو۔

سی سی آرسی کو کون درخواست دےسکتےہیں؟
سی سی آرسی کوکوئی بھی درخواست دےسکتا ہے اگروہ سمجھتا ہےکہ اُس پرکسی فوجداری جُرم کی غلط فرد جُرم عائد کی گئی ہے یا اُسے غلط طورپر سزا دی گئی ہے، جب تک اُس پرانگلینڈ، ویلز یا شمالی آئرلینڈ کی کسی فوجداری عدالت میں فرد جُرم عائد کی گئی ہو۔

آپ ہمیں کہ سکتےہیں کہ ہم آپ کی فرد جُرم، یا سزا یا دونوں پرغورکریں۔

ہمیں درخواست دینے پر**کُچھ خرچ نہیں ہوتا۔**

مُجھے سی سی آرسی کوکب درخواست دینی چاہیے؟
آپ کو سی سی آرسی کوتب درخواست دینی چاہیے جب آپ نےمعمول کےطریقےکےمطابق عدالتوں میں اپنی اپیل پرکاروائی کروا لی ہو۔ آپ اس کےباوجود اپیل کی کوشش کرسکتےہیں، یہاں تک کہ اگرآپ سمجھتےہیں کہ آپ نےاپیل کرنے کی آخری تاریخ تک اپیل نہیں کی ہے۔

اگرآپ نے عدالت میں اپیل نہیں کی ہےتو آپ کےلئےاپنی پہلی اپیل شروع کرنےکےلئےمختلف فارم ہیں جن کوبھرنا آپ کےلئےضروری ہے۔ یہ فارم بعض اوقات اس دستاویز کی پُشت پرمنسلک کئےجاتےہیں۔ اگرآپ کویہ فارم نہیں ملتےتوآپ سی سی آرسی سےرابطہ کرسکتےہیں اورہم وہ فارم آپ کوبھیج دیں گے۔

اگرآپ پہلے ہی اپنی اپیل ہارچُکےہیں لیکن ابھی تک سمجھتےہیں کہ آپ پرغلط طورپرفردجُرم عائد کی گئی ہےیا آپ کوغلط طورپر سزا دی گئی ہےتوآپ کواپنے مقدمے پرنظرثانی کےلئےسی سی آرسی کودرخواست دینی چاہیے۔

کیا ہوگا اگرمیں نے اپیل نہیں کی ہے؟
اگرآپ نے معمول کےطریقےسےعدالتوں کےذریعےاپیل نہیں کی ہے، توسی سی آرسی عام طورپرآپ کووضاحت کےلئےلکھےگا کہ آپ کوواپس جانا چاہیے اورمعمول کےمطابق اپیل کرنے کی کوشش کرنا چاہیے۔

سی سی آرسی ایسےبہت کم مقدمات قبول کرتا ہےجن میں لوگ معمول کےمطابق اپیل کرنےکی کوشش سےپہلے ہمیں درخواست بھیجتےہیں۔ ہم پہلےکی گئی اپیل کی غیرموجودگی میں صرف تب مقدمات کودیکھتےہیں اگرکوئی "غیرمعمولی حالات" (انتہائی خاص وجوہات) موجود ہوں۔

"غیرمعمولی حالات" کیا ہیں
غیرمعمولی حالات بہت کم ہوتےہیں۔ اس بات کی معقول وجہ موجود ہونی چاہیے کہ آپ نے اپیل کیوں نہیں کی اور**سی سی آرسی کی مدد کےبغیراپیل کیوں نہیں کرسکتے۔** کوئی خودبخود غیرمعمولی حالات موجود نہیں ہوتے۔ ہم ہرمقدمےکےحقائق کی بُنیاد پریہ فیصلہ کرتےہیں کہ کیا کوئی غیرمعمولی حالات موجود ہیں۔

کیا غیرمعمولی حالات نہیں ہیں؟
درج ذیل میں ایسےحالات کی کُچھ مثالیں مہیا کی گئی ہیں جوغیرمعمولی **نہیں** ہیں؛

- آپ اپیل کرنا بھول گئےیا آخری تاریخ تک اپیل نہ کرسکے۔ ایسی صورتوں میں آپ عدالت کو پھربھی اپیل کےلئےکہ سکتےہیں۔ اس کو "وقت سےباہر" اپیل کرنا کہا جاتا ہے۔

- آپ کواپنے سالیسٹریا بیرسٹرکی طرف سےیہ مشورہ دیا گیا کہ آپ کےپاس اپیل کےلئےکوئی بُنیاد نہیں ہے۔ یہ آپ کواپیل کرنےسےنہیں روکتا۔

- اپیل میں مدد کےلئےآپ کوئی سالیسٹر یا بیرسٹرحاصل کرنے میں ناکام رہےہیں۔ آپ قانونی معاونت کےبغیرخود بھی اپیل کےلئےدرخواست دے سکتےہیں۔

میں معمول کےمطابق اپیل کرنے کےبارےمیں کہاں سےجان سکتا ہوں؟
آپ کوایک کتاب *اپیل کیسےکی جاسکتی ہے* میں بہت سی مُفید معلومات ملیں گی۔ یہ جسٹس نامی چیریٹی کی طرف سےشائع کی جاتی ہے۔ آپ جیل کی لائبریری میں اس کی نقل حاصل کرسکتےہیں اوریہ انٹرنیٹ پراس پتہ پرحاصل کی جاسکتی ہے www.justice.org.uk/resources.php/274/how-to-appeal۔ اس کےعلاوہ اپیل فارم کےلئےکہنے کی غرض سےآپ سی سی آرسی سے بھی رابطہ کرسکتےہیں۔

میں سی سی آرسی کو کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

- اگرآپ پہلے اپیل ہارچُکےہیں اوراب سی سی آرسی کودرخواست دینا چاہتےہیں، تودرخواستیں سی سی آرسی کا درخواست فارم استعمال کرتےہوئےتحریری طورپر دینے کی ضرورت ہے۔ درخواست فارم کوئی ٹیسٹ نہیں ہےاورہم نےاسے ممکن حد تک آسان ترین بنانے کی کوشش کی ہے۔ ہم آپ کوایک درخواست فارم بذریعہ ڈاک بھیجیں گےاگرآپ ہم سےرابطہ کرتےہیں۔ ہم سےرابطے کی تفصیلات اس دستاویزکےآخرپرموجود ہیں۔ آپ کودرخواست فارم ہمیں واپس بھیجنےسےپیشترأس پرلازمی طورپردستخط کرنا چاہییں۔

- سی سی آرسی کو کوئی **اہم نیا ثبوت یا نئی قانونی دلیل** دینے کی ضرورت ہوگی کہ وہ اس قابل ہوسکےکہ آپ کا مقدمہ اپیل کورٹ کی طرف بھیج سکے۔ یہ کوئی ایسی بات ہونی چاہیےجس کی کسی عدالت میں پہلےسماعت نہ ہوئی ہو۔

- درخواست فارم آپ کےلئےیہ بتانے کا موقع ہے کہ آپ ہمیں اس بارے میں وہ سب کُچھ بتائیں کہ آپ کےفرد جُرم اور/ یا سزا کےحوالےسےکیا غلط واقع ہوا ہے۔

"اہم نیا ثبوت یا قانونی دلیل" کیا ہے؟
اس کا مطلب کوئی ایسی چیز ہےجس کا آپ کی اپیل کےمقدمے کےدوران احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔ مثلاً، نئی شہادت جس کا اُس وقت علم نہیں تھا، یا سائنس میں کوئی نئی ترقی۔ ہم ایسےمعاملات پردوبارہ غورنہیں کرسکتےجوجیوری، جج یا مجسٹریٹ کےعلم میں تھے، یہاں تک کہ اگرآپ یہ یقین رکھتےہیں کہ اُنہوں نےآپ کےمقدمے میں غلط فیصلہ کیا تھا۔ ہمیں کسی نئی چیزکی شناخت کرنے کی ضرورت ہےجوآپ کےمقدمے کو اب بہت مختلف بنا دیتی ہے۔

ہم آپ کی مدد نہیں کرسکتےاگرآپ ہمیں بھیجنےوالی اپنی درخواست میں اُنہی نقاط کودوبارہ دُہراتےہیں جوآپ کےمقدمے یا اپیل میں پیش کئےگئےتھے۔ سی سی آرسی کوکسی نئی اوراہم بات کی ضرورت ہوگی جواپیل کورٹ کوآپ کےمقدمے کےبارےمیں مختلف طریقےسےسوچنےپرمجبورکردے۔ آپ کواپنے درخواست فارم میں ہمیں وہ سب کچھ بتانے کی ضرورت ہوگی جس کےبارےمیں آپ سمجھتےہیں کہ وہ نیا ہےاورآپ کےمقدمے میں کُچھ فرق پیدا کرسکتا ہے۔

آپ میرے درخواست فارم کا کیا کریں گے؟
جب ہمیں آپ کا درخواست فارم مل جائےگا توہم آپ کواس بارےمیں لکھیں گےکہ اب آگے کیا ہوگا۔ اُس کےبعد ہم کوئی ایسا مواد حاصل کریں گےجس کی ضرورت ہوسکتی ہے، جیسا کہ اُس عدالت سےفائلیں جہاں پرآپ پرفرد جُرم عائد کی گئی اور آپ کی اپیل سےبھی۔ ہمیں یہ فیصلہ کرنےسےپیشتردیگردستاویزات حاصل کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہےکہ کیا ہم آپ کےمقدمے پر نظرثانی کرسکتےہیں۔ اگرہم فیصلہ کرتےہیں کہ ہمیں آپ کےمقدمے پرنظرثانی شروع کردینی چاہیے، توہم اس بارےمیں بتانےکےلئےآپ کولکھیں گے۔

تاہم، ہم فیصلہ کرسکتےہیں کہ ہم آپ کےمقدمے پر نظرثانی نہیں کرسکتے، مثال کےطورپر:

- اگرآپ کسی اپیل کےفیصلے کا انتظارکررہےہیں۔

- اگرآپ نے پہلے اپیل کرنے کی کوشش نہیں کی ہےاوراس بات کی کوئی خاص وجوہات موجود نہیں ہیں کہ آپ کی طرف سےمعمول کےطریقےسےاپیل کرنے کی کوشش سےپہلےہمیں آپ کےمقدمے پر نظرثانی کیوں کرنی چاہیے۔ (مندرجہ بالا *کیا ہوگا اگرمیں نےاپیل نہیں کی ہے؟* دیکھیں)

- اگرآپ کی درخواست کوئی اہم نئےنقاط کوسامنےنہیں لاتی جوہمیں آپ کےمقدمےکواپیل کےلئےبھیجنےدیں۔

اگرہم فیصلہ کرتےہیں کہ آپ کےمقدمے میں ایسی صورتحال لاگو ہوتی ہے، تو ہم اپنےفیصلے کی وضاحت کےلئےآپ کو لکھیں گے۔

آپ میری معلومات کا کیا کریں گے؟
اگرآپ سی سی آرسی کو درخواست دیتےہیں تو ہم آپ کی معلومات کوآپ کےمقدمےپرغورکرنےمیں مدد کےلئےاستعمال کریں گے۔ اس میں آپ یا کسی اورشخص یا موضوع کےبارےمیں معلومات شامل ہوسکتی ہیں اگرہم سمجھتےہیں کہ وہ آپ کےمقدمے پراثرانداز ہوسکتی ہیں۔

ہم کوئی سا بھی مواد حاصل کرسکتےہیں جس کےبارےمیں ہم سمجھتےہیں کہ مقدمےکی چھان بین کرنے کےلئےہمیں اُس کی ضرورت ہے یہاں تک کہ اگرکوئی ادارے یا افراد یہ نہ بھی چاہتےہوں کہ ہم اُن معلومات کوحاصل کریں ۔ جب ہم کسی مقدمے پرکام شروع کردیں گےتوہم یہ فیصلہ کریں گےکہ ہمیں کون سا مواد حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

ہم اپنے قبضے میں موجود معلومات کا بہت زیادہ خیال رکھتےہیں۔ ہمارا ہدف صرف وہ معلومات حاصل کرنا ہوتا ہےجن کی ہمیں ضرورت ہو، اورمعلومات کو صرف تب تک اپنے قبضے میں رکھنا ہوتا ہے جب تک ہمیں اُن کی ضرورت ہو۔ ہم اس بارےمیں بہت

مُحتاط ہیں کہ ہمیں مقدمے سے متعلق معلومات کا کب اورکیسے اشتراک کرنا ہے اورہم اُن کا اشتراک صرف تب کرتے ہیں اگرکریمنل اپیل ایکٹ 1995 اورڈیٹاپروٹیکشن ایکٹ 1998 اس کی اجازت دیتے ہوں۔

اگرہم اپیل کےلئےکسی مقدمے کو ریفرکرتےہیں، تو عام طورپراپیل سےمتعلق معلومات کا مدعی، اپیل کورٹ اوراستغاثہ کےساتھ اشتراک کیا جاتا ہے۔ جب ہم کسی مقدمے کوریفرکرتےہیں تو عام طورپرہم مقدمے میں ملوث کسی مظلوم کومطلع کرتےہیں۔ ہم عام طورپر مقدمے کی شناخت کرتےہوئےاوراس بات کی بُنیادی وجوہات کی وضاحت کرتےہوئےایک مختصرپریس ریلیزجاری کرتےہیں کہ اس کوکیوں ریفرکیا گیا ہے۔ اس کےعلاوہ ہم مدعی کی رابطے کی تفصیلات کا مس کیرج آف جسٹس سپورٹ سروس کےساتھ اشتراک بھی کرسکتےہیں جوایک خیراتی ادارہ ہےجوایسےلوگوں کو مدد کی پیش کش کرتا ہےجن پرغلط طورپر فردجُرم عائد کی گئی ہے۔

میرے مقدمے کا فیصلہ کون کرے گا؟
ہمارے کمشنریہ فیصلہ کرتےہیں کہ کیا مقدمہ اپیل کورٹ میں واپس بھیجا جانا چاہیے یا نہیں۔ ہمارے کمشنرماہرانہ پس مناظرکےایک سلسلےسےآتےہیں۔ بہت سےقانونی طورپرسندیافتہ ہیں اورتمام کا انتخاب پیچیدہ معاملات میں اہم فیصلےکرنےکےاُن کےتجربے اورصلاحیت کی بُنیاد پرکیا گیا ہے۔ کمشنرز وزیراعظم کےمشورے پرملکہ عالیہ کی طرف سےمقررکئےجاتےہیں۔

اس میں کتنا وقت لگےگا؟
نظرثانی (ریویو) سیدھا سادا ہوسکتا ہےاوراس میں چند ہفتےلگ سکتےہیں یا یہ زیادہ پیچیدہ ہوسکتا ہےاوراس میں کئی ماہ لگ سکتےہیں۔

کیا مُجھے لیگل ایڈ ملے گی؟
سی سی آرسی کو بھیجی جانیوالی درخواست میں مدد کےلئے کوئی سالیسٹرلیگل ایڈ سکیم کےتحت فنڈنگ حاصل کرسکتا ہے۔ کوئی ماہرقانون تلاش کرنےکےبارےمیں مشورہ حاصل کرنےکےلئے آپ کمیونٹی لیگل ایڈوائس کو0845 345 4345 پرفون کرسکتےہیں یا اُن کی ویب سائٹ www.communitylegaladvice.org.uk وزٹ کرسکتےہیں۔

سی سی آرسی میرے مقدمے کےبارےمیں میرے ساتھ کیسے خط وکتابت کرےگا؟
زیادہ تراوقات ہم آپ یا آپ کےنمائندے کےساتھ تحریری طورپرخط وکتابت کریں گے۔ جب ہمیں آپ کا درخواست فارم ملےگا توہم ہمیشہ آپ سےرابطہ کریں گے(یا تو بذریعہ ڈاک یا ای میل کےذریعے، اگرآپ نےہمیں کوئی ای میل پتہ دیا ہو)۔ ہم آپ کےمقدمے میں ہونےوالی کسی ترقی کےبارےمیں آپ کوتازہ ترین معلومات مُہیا کریں گے(بذریعہ ڈاک یا ای میل)، چنانچہ یہ اہم ہےکہ ہمارےپاس آپ کا درست پتہ موجود ہو۔ اگرآپ کا پتہ تبدیل ہوتا ہے یا آپ کی جیل تبدیل ہوتی ہےتوہمیں اپنےپتہ سےآگاہ کرنا مت بھولیں۔

جیل سےسی سی آرسی کےساتھ خط وکتابت کرنے کےقوانین پرزن سروس آرڈر4400 میں بیان کئےگئےہیں۔ اگرآپ کوپڑھنےیا لکھنے میں مشکل پیش آتی ہےتوہم آپ کےساتھ خط وکتابت کا موزوں طریقہ تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔ جہاں ضروری ہوا، ہم مواد کا دیگرزبانوں میں ترجمہ کروانے پربھی غورکریں گے۔

میں سی سی آرسی سےکیسےرابطہ کرسکتا ہوں؟
آپ سی سی آرسی کوفون کرسکتےہیں لیکن ہم معاملات تحریری طورپر وصول کرنا پسند کرتےہیں کیونکہ اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ ہمارے پاس ہرچیزکا تحریری ریکارڈ موجود ہو تاکہ ہم آپ کےکیس پرغورکرتےوقت اُس کو دیکھ سکیں۔ سی سی آرسی سےرابطہ کی تفصیلات اس دستاویز کےآخرپرموجود ہیں۔

کیا آپ مُجھ سےملیں گے؟
زیادہ ترمقدمات میں، ہم ہروہ چیزتحریری طورپریا فون پرحاصل کرلیتےہیں جس کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے، درخواست دہندہ کو ذاتی طورپرملنے کی ضرورت پیش آنےکےبغیر۔ اگرہم سمجھتےہیں کہ ہمیں آپ سےبالمشافہ ملنے کی ضرورت ہےتوہم ایک ویڈیوکانفرنس یا مُلاقات کا انتظام کرنے کےلئےآپ سےرابطہ کریں گے۔

کیا ہوگا اگرسی سی آرسی میرے مقدمے کو ایک اوراپیل کےلئےنہ بھیجنے کا فیصلہ کرتا ہے؟

- اگرآپ سمجھتےہیں کہ آپ کےساتھ انصاف نہیں کیا گیا، توآپ سی سی آرسی کےکسٹمرسروس منیجرکوایک **باقاعدہ شکایت** بھیج سکتےہیں۔ آپ ہماری طرف سےآپ کا مقدمہ بند کردئیےجانےکے3 ماہ کےاندرشکایت کرسکتےہیں۔ کسٹمرسروس منیجرآزادانہ طورپر یہ دیکھے گا کہ سی سی آرسی آپ کےساتھ کیسے پیش آیا ہے۔ کسٹمرسروس منیجرآپ کےمقدمے پرنظرثانی نہیں کرسکتا۔

- اگرآپ سمجھتےہیں کہ وہ طریقہ کسی طرح غلط تھا جس سےسےہم نے فیصلہ کیا ہے، تو **آپ جوڈیشل ریویوکےلئےایڈمنسٹریٹوکورٹ کو درخواست دےسکتےہیں۔** ایسا کرنےسےپیشترآپ کوکوئی باقاعدہ شکایت کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ کوآگاہ ہونا چاہیےکہ جوڈیشل ریویو کےعمل میں وقت کی حدود لاگوہوتی ہیں۔ ہم آپ کومشورہ دیں گےکہ اس طریقےپرعمل کرنےسےپیشترآپ آزاد قانونی مشورہ حاصل کرلیں۔

- اگرآپ کوئی اہم نئی شہادت یا دلیل رکھتےہیں جس پرمقدمے، اپیل یا سی سی آرسی کوپہلے بھیجی جانےوالی کسی اوراپیل میں غورنہیں کیا گیا توآپ **دوبارہ درخواست** دےسکتےہیں۔ ہمیں یہ بتانےکےلئےآپ کوایک نیا فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی کہ کیا نیا ہےاوریہ آپ کی پہلے جمع کرائی جانےوالی درخواست میں شامل کیوں نہیں تھا۔

اگرسی سی آرسی میرےمقدمے پرنظرثانی کرتا ہے، توکیا وہ میری مُلک بدری کوروک دے گا؟
مُلک بدری کی کاروائیوں کو معطل کرنے کےلئےاس حوالےسےخودبخود کوئی حق موجود نہیں ہےکہ کیونکہ آپ نےسی سی آرسی کودرخواست دی ہے۔ اگرہم آپ کےمقدمے کواپیل کےلئےریفرکرتےہیں، توہوسکتا ہےآپ کی مُلک بدری تب تک روک دی جائےجب تک اپیل کا فیصلہ نہیں کردیا جاتا۔ اگرسی سی آرسی کو درخواست دینےکےبعد آپ کومُلک بدرکردیا جاتا ہے، توہم آپ کےمقدمےپرنظرثانی کرسکتےہیں، یہاں تک کہ اگرآپ کسی اورمُلک میں بھی موجود ہوں، جب تک آپ ہمیں رابطے کےلئےکوئی پتہ یا ای میل ایڈریس مہیا کرتےہیں۔

میں سی سی آرسی کےبارےمیں مزید معلومات کہاں سےحاصل کرسکتا ہوں اوریہ کیسےکام کرتا ہے؟
سی سی آرسی کےارےمیں تفصیلی معلومات دستاویزات کےایک سلسلے میں موجود ہیں جسےفارمل میموریںڈا کہا جاتا ہےاورجو www.ccrc.gov.uk پرجانےاور"کیس ورک" پرکلک کرنےکےذریعےانٹرنیٹ سےڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ آپ یہ ہمیں لکھنےکےذریعےبھی حاصل کرسکتےہیں۔

سی سی آرسی کےساتھ رابطے کی تفصیلات

اگرآپ ہم سےرابطہ کرنا چاہیں یا چاہیں کہ ہم اپنےدرخواست فارموں میں سےکوئی آپ کوبھیجیں توبرائےمہربانی ہمیں درج ذیل پتہ پرلکھیں:

Criminal Cases Review Commission,
5 St Philip's Place;
Birmingham
B3 2PW

سی سی آرسی فون نمبر: 0121 233 1473
سی سی آرسی ای میل پتہ: info@ccrc.gov.uk